
# ۱۱۔ لال بہادر شاستری



لال بہادر شاستری ہمارے ملک کے دوسرے وزیرِ اعظم تھے۔ وہ مغل سَرائے کے ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے والد کا نام شاردا پرساد اور والدہ کا نام رام دُلاری دیوی تھا۔ وہ اپنے ماں باپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔

لال بہادر شاستری دو ہی سال کے تھے کہ اچانک ان کے والد کا انتقال ہوگیا۔ والدہ کے ساتھ وہ ننھیال میں آ کر رہنے لگے۔ یہیں ان کا بچپن گزرا۔ یہاں وہ اپنے دوستوں کے ساتھ سیر کو جاتے تھے اور گاؤں کی ندی میں خوب تیرتے تھے۔ دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ اچّھا رہا۔ انھوں نے بچپن ہی میں طے کرلیا تھا کہ خوب محنت سے پڑھوں گا اور اپنی والدہ کو سکھ پہنچاؤں گا۔

لال بہادر اسکول میں اپنے استاد کا ہر حکم مانتے تھے۔ خوب محنت سے پڑھتے تھے اور انھیں کھیلنے کا بڑا شوق تھا۔ اسکول میں ان کا رہن سہن نہایت سادہ تھا۔ اپنے کپڑے وہ خود دھوتے اور چپّلوں کو درست کر لیتے تھے۔ کبھی کبھار تو وہ ننگے پیر ہی اسکول چلے جاتے۔

ایک بار وہ گنگا کے اس پار جاترا دیکھنے گئے۔ واپس لوٹتے ہوئے شام ہوگئی۔ ان کے سب ساتھی ناؤ میں بیٹھ کر دؤسرے کنارے آ گئے مگر لال بہادر ابھی تک واپس نہ لوٹے تھے۔ ان کے دوستوں کو فکر ہوئی۔ کچھ دؤری پر انھیں ایک لڑکا تیر کر کنارے کی طرف بڑھتا نظر آیا۔ یہ لال بہادر تھے۔ اصل میں ان کے پاس ناؤ والے کو دینے کے لیے پیسے نہ تھے اس لیے انھوں نے تیر کر ندی پار کی۔

جب لال بہادر میٹرک میں تھے، انھوں نے ایک بار گاندھی جی کی تقریر سنی۔ اس تقریر کا ان پر بڑا اثر ہوا۔ اسی وقت انھوں نے اپنے وطن کی خدمت کرنے کی ٹھان لی۔ انھوں نے سَتیّہ گرہ میں حصّہ لیا۔ وہ کھادی کے کپڑے پہننے لگے۔ آزادی کے لیے وہ کئی بار جیل بھی گئے۔ انھوں نے وطن کی خدمت کے ساتھ اپنی تعلیم کا بھی

خیال رکھا۔ ہمارے ملک کے پہلے وزیرِاعظم پنڈت جواہر لال نہرو انھیں بہت چاہتے تھے۔

پنڈت نہرو کے بعد لال بہادر شاستری بھارت کے وزیرِاعظم بنے۔ ملک کی ترقّی کے لیے وہ عمر بھر کوشش کرتے رہے۔ وہ اٹھارہ ماہ تک وزیرِاعظم رہے۔ 'جے جوان جے کسان' کا مشہور نعرہ انھی کا دیا ہوا ہے۔ ان کا انتقال تاشقَند میں ہوا۔

(ادارہ)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

| | |
|---|---|
| شاستری (شا - س - تَ - ری) ...................... | اکلوتے (اِک - لَو - تے) ...................... |
| ننھیال (ننھ - یا - ل) ...................... | میٹرک (میٹ - رِک) ...................... |
| پنڈت (پَن - ڈِت) ...................... | انتقال (اِن - تِ - قال) ...................... |

❁ خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھ کر جملے دوبارہ لکھو۔

(حکم ، اکلوتے ، اچھا ، نعرہ ، وطن)

۱) لال بہادر اپنے ماں باپ کے ...................... بیٹے تھے۔


۲) دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ ...................... رہا۔

۳) لال بہادر اسکول میں اپنے استاد کا ہر ...................... مانتے تھے۔

۴) انھوں نے ................... کی خدمت کے ساتھ اپنی تعلیم کا بھی خیال رکھا۔

۵) 'جے جوان جے کسان' کا مشہور ...................... انھی کا دیا ہوا ہے۔

❁ سبق کی مدد سے خالی چوکون بھرو۔



❁ دی ہوئی مثال دیکھ کر رشتے جوڑو۔

مثال : ماں - باپ

| | |
|---|---|
| دادی | نانا |
| نانی | دادا |
| چاچی | پھوپھا |
| پھوپھی | چاچا |

❁ دیے ہوئے لفظ کی مدد سے لال بہادر شاستری کے بارے میں خالی چوکون میں پورا جملہ لکھو۔

| لال بہادر شاستری | | |
|---|---|---|
| | حکم | |
| | محنت | |
| | شوق | |
| | خدمت | |

❁ نیچے دیے ہوئے لفظوں سے خالی جگہ بھرو۔

رام دلاری دیوی ، تاشقند ، شاردا پرساد ، مغل سرائے

| | | |
|---|---|---|
| ..................... | | ..................... |
| والد | | والدہ |
| | لال بہادر شاستری | |
| پیدائش | | انتقال |
| ..................... | | ..................... |

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھو۔

۱) لال بہادر شاستری کا بچپن کہاں گزرا؟

۲) لال بہادر شاستری نے بچپن میں کیا طے کر لیا تھا؟

۳) لال بہادر شاستری کا رہن سہن کیسا تھا؟

۴) لال بہادر شاستری نے تیر کر ندی کیوں پار کی؟

۵) لال بہادر شاستری کتنے سال وزیراعظم رہے؟

❁ صحیح جواب پر ✓ نشان لگاؤ اور غلط جواب پر ✗ نشان لگاؤ۔

۱) لال بہادر شاستری ہمارے ملک کے پہلے / دوسرے وزیر اعظم تھے۔

۲) وہ دو سال / پانچ سال کے تھے جب ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔

۳) دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ بُرا / اچھا رہا۔

۴) اپنے کپڑے وہ خود دھوتے / سیتے تھے۔


۵) انھوں نے وطن کی خدمت / عزّت کرنے کی ٹھان لی۔

❁ دی ہوئی مثال کے مطابق خالی جگہ میں لفظ لکھو۔

مثال : لڑکا لڑکے

| ایک | ایک سے زیادہ |
|---|---|
| ................ | بیٹے |
| پیسا | ................ |
| کپڑا | ................ |
| ................ | کنارے |

سرگرمی : نیچے چار پھلوں کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ تصویروں میں رنگ بھرو اور ان کے نیچے ان کے نام لکھو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| | | | |

☆ ان میں سے کون سا پھل کھٹّا بھی ہوتا ہے؟

☆ تمھیں کون سا پھل پسند ہے؟

**کیا تم جانتے ہو؟**

دریا بہتا ہے۔ موج اُٹھتی ہے۔ ہوا چلتی ہے۔

دِن ڈھلتا ہے۔ موسم بدلتا ہے۔ آبشار گرتا ہے۔

بجلی چمکتی ہے۔ بادل گرجتا ہے۔ دھؤاں اُڑتی ہے۔

E96WXD

❁ نیچے دی ہوئی تصویر دیکھو اور سوالوں کے جواب لکھو۔




۱) یہ کس جگہ کی تصویر ہے؟

۲) تصویر میں کتنی بسیں نظر آ رہی ہیں؟

۳) تصویر میں کون کون سے رنگ دِکھائی دے رہے ہیں؟

۴) تصویر میں کیا کمی نظر آ رہی ہے؟

# ۱۲۔ سردی کا گیت

لو آ گئی ہے سردی ٹھنڈک بدن میں بھر دی
ننّھے میاں نے بھی اب پہنی ہے گرم وردی
موسم نے یہ خبر دی
پھر آ گئی ہے سردی

دن رات ہانپتے ہیں سردی سے کانپتے ہیں
اپنے بدن کو اب ہم کمبل سے ڈھانپتے ہیں
موسم نے حد ہی کردی
پھر آ گئی ہے سردی

سب کانپتے ہیں تھرتھر پہنے سبھی نے سوئیٹر
ابّا نے کوٹ پہنا دادا نے پہنا چِسٹر
بدلی سبھی کی وردی
پھر آ گئی ہے سردی

جاڑے نے منہ دِکھایا موسم کی پلٹی کایا
جب آئیں سرد لہریں ہر ایک تھرتھرایا
پتّوں پہ چھائی زردی
پھر آ گئی ہے سردی

(تنویر پھول)



❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

ٹھنڈک (ٹھن - ڈک) ..................... ہانپتے (ہاں - پ - تے) .....................

کانپتے (کاں - پ - تے) ..................... ڈھانپتے (ڈھاں - پ - تے) .....................

چسٹر (چِس - ٹَر) .....................

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔



١) بدن میں ٹھنڈک کس نے بھر دی؟

٢) ننھّے میاں نے سردی میں کیا پہنا؟

٣) سردی کے آنے کی خبر کس نے دی؟

٤) سردی میں کمبل کس کام آتا ہے؟

٥) سردی سے کون تھر تھر کانپتے ہیں؟

❁ نظم سے سردی میں پہنے جانے والے کپڑوں کے نام لکھو۔

❁ سردی میں کس نے کیا پہنا؟

١) ننھّے نے ←

٢) ابّا نے ←

٣) دادا نے ←

٤) تم نے ←

❁ نظم سے 'سردی' جیسے لفظ کی آواز والے لفظ لکھو جیسے 'وردی'

❁ دی ہوئی جوڑی جیسی جوڑیاں نظم سے تلاش کر کے لکھو۔ اندھیرا × اُجالا

گرم ، رات

❁ سردی میں استعمال ہونے والی چیزوں کے گرد دائرہ بناؤ۔

پنکھا، کمبل ، برف ، شربت ، سویٹر ، مفلر ، رین کوٹ ، کوُلر ، کنٹوپ ، دستانے ، چھتری

❋ دیے ہوئے لفظوں سے خالی جگہ بھرو۔

(وردی ، ڈھانپتے ، خبر ، زردی ، موسم)

۱) پہنی ہے گرم ........................

۲) موسم نے یہ ........................ دی

۳) کمبل سے ........................ ہیں

۴) ........................ کی پلٹی کایا

۵) پتوں پہ چھائی ........................

❋ جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| کمبل | بارش |
| چھتری | گرمی |
| پنکھا | سردی |

❋ 'سردی' کے موسم کے لیے دوسرا لفظ 'جاڑا' ہے۔ نیچے دیے ہوئے موسموں کے لیے دوسرے لفظ لکھو۔

۱) گرما - ........................

۲) برسات - ........................







❋ اوپر دی ہوئی تصویروں کو دیکھ کر جملے بولو اور انھیں بیاض میں لکھو۔


❋ تصویر دیکھ کر صحیح حرف لکھو اور لفظ پورا کرو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | آ |
| | | | | ے | س |
| | | | ل | | ک |
| | | ن | | ا | ج |
| | د | | ر | | ا |
| | ا | | ی | پ | |
| ی | | م | س | | م |
| | | | ک | ی | |

**عملی کام :** گرمی اور برسات پر نظمیں تلاش کر کے پڑھو۔

❋ ذیل کی تصویروں میں پانچ فرق بتاؤ۔



R5SRM9